StudentBounty.com

Roll No. | | | | | | |     Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________     Sig. of Invigilator.____________

# مطالعہ پاکستان (لازمی) ۔ ایچ ایس ایس سی-II

( برائے اطفال محروم سماعت و گویائی )

وقت: 15 منٹ

## حصہ اوّل (کُل نمبر:10)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات پرچہ پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پندرہ منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف، ب، ج، د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) صوبہ بنگال کو کس نے تقسیم کیا؟

الف۔ وائسرائے لارڈ کرزن     ب۔ سر سیّد احمد خاں     ج۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن     د۔ قائداعظم محمد علی جناحؒ

(ii) سر سیّد احمد خاں نے علی گڑھ سکول کی بنیاد کس سال رکھی؟

الف۔ 1905ء     ب۔ 1947ء     ج۔ 1875ء     د۔ 1992ء

(iii) قائداعظم محمد علی جناحؒ نے سٹیٹ بینک آف پاکستان کا افتتاح کب کیا؟

الف۔ 14 اگست 1947ء     ب۔ یکم ستمبر 1947ء     ج۔ یکم جولائی 1948ء     د۔ 11 ستمبر 1948ء

(iv) قیامِ پاکستان کے فوراً بعد ________ کو پاکستان کا دارالحکومت بنایا گیا۔

الف۔ راولپنڈی     ب۔ لاہور     ج۔ کراچی     د۔ کوئٹہ

(v) بلوچستان کے صحت افزاء مقامات میں سے ________ کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔

الف۔ گوادر     ب۔ سوات     ج۔ زیارت     د۔ مری

(vi) حضرت عمرؓ نے کتنے سال حکومت کی؟

الف۔ بیس سال     ب۔ دس سال     ج۔ پانچ سال     د۔ ایک سال

(vii) پاکستان میں حقوقِ نسواں کے لیے کام کرنے والی قدیم ترین تنظیم کا نام ________ ہے۔

الف۔ ویمن فورم     ب۔ واپڈا

ج۔ عورت فاؤنڈیشن     د۔ آل پاکستان ویمن ایسوسی ایشن

(viii) پاکستان کے کتنے فی صد لوگ مسلمان ہیں؟

الف۔ 96 فیصد     ب۔ 100 فیصد     ج۔ 80 فیصد     د۔ 70 فیصد

(ix) اسلام آباد کن پہاڑیوں کے دامن میں واقع ہے؟

الف۔ مارگلہ     ب۔ سوات     ج۔ کاغان     د۔ چلاس

(x) عمومی طور پر کس کو پنجابی کا پہلا شاعر کہا جاتا ہے؟

الف۔ فریدالدین گنج شکرؒ     ب۔ بابا بلھے شاہ

ج۔ شاہ حسین     د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

---

برائے ممتحن:     کُل نمبر: 10     حاصل کردہ نمبر: ____

# مطالعہ پاکستان (لازمی)۔ ایچ ایس سی-II

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:15 گھنٹے کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 40

نوٹ: حصّہ ''دوم'' اور ''سوم'' کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ حصّہ ''دوم'' میں سے آٹھ (08) اجزاء اور حصّہ ''سوم'' میں سے کوئی سے دو (02) سوال حل کیجیے۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر: 24)

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل اجزاء میں سے آٹھ (08) کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (8x3=24)

(i) نظریہ یا آئیڈیالوجی سے کیا مراد ہے؟

(ii) مسلم لیگ کے مقاصد میں تبدیلی کب اور کس کی تجویز پر ہوئی؟

(iii) قائداعظم محمد علی جناحؒ نے طلباء کو کیا نصیحت کی؟

(iv) پاکستان کے شمال مغربی اور مغربی سلسلے کے پہاڑوں کے نام لکھیے۔

(v) پاکستان کے موسموں پر نوٹ لکھیے۔

(vi) قراردادِ مقاصد پر نوٹ لکھیے۔

(vii) اسلامی جمہوریہ پاکستان کن علاقوں پر مشتمل ہے؟

(viii) آئی ٹی (IT) سے کیا مُراد ہے؟

(ix) اقلیتوں کے حقوق کے بارے میں قائدِاعظمؒ کا ایک قول نقل کیجیے۔

(x) 1977ء کے بعد اقتصادی معاملات میں نفاذِ اسلام کے لیے کیا اقدامات کیے گئے؟

(xi) وفاقی عدلیہ (سپریم کورٹ) پر مختصر نوٹ لکھیے۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر: 16)

(کوئی سے دو سوال حل کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔) (2x8=16)

سوال نمبر ۳: سر سیّد احمد خاں کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر ۴: اہم انسانی حقوق پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر ۵: اُردو زبان کے تشکیلی مراحل تفصیل سے بیان کیجیے۔



StudentBounty.com